COPY 2



بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

There is none worthy of worship except Allah; Muhammad is the messenger of Allah

# AHMADIYYA GAZETTE Canada

1306 WILSON AVE., DOWNSVIEW, ONT., M3M IH5, (416) 249-3420

Vol. 1 | Aman 1365 H.S. | MARCH 1986 | Rajab 1406 H.Q. | No. 9

AMEER & MISSIONARY INCHARGE: Maulana Naseem Mahdi | EDITOR: Hasan Mohammad Khan | ASST. EDITOR: Syed Hasnat Ahmad | MANAGER: A. Rasheed Latiff

DO YOU WANT
TO
WIN HUZOOR'S EARNEST PRAYERS?

WE
TELL YOU, HOW!!

BECOME CALLERS TOWARDS ALLAH AND WIN HIS PRAYERS SURELY.

HERE IS A SENTENCE FROM THE MESSAGE HE SENT TO A JAMAAT ON THEIR ANNUAL CONVENTION:

*If they want truly to please me and win my earnest prayers they should become successful Dā'ieen Ilallah.*

*جزاکم اللہ - وجزاکم اللہ احسن الجزاء*

*M. Ahmad*

MIRZA TAHIR AHMED

SECOND CLASS MAIL, REGISTRATION NO. 4980, ISS NO. 0229-5644

## Editorial

Today, Ahmadiyya Jamaats in Pakistan are facing one of the greatest trials of their history. Just to name a few of them are:

1. We cannot call ourselves what we are i.e. Muslims.
2. We cannot profess and proclaim Kalima, the basic tenet of Islam freely and openly.
3. We cannot call 'Azan' from our mosques.
4. We cannot call our mosques as 'Masjid'.
5. Our media has been crippled and our dailies banned.
6. We cannot call others to join our Jamaat. In other words, we have been deprived of freedom of speech and thought.
7. All promotions of the public employees to senior ranks have been stopped.
8. A considerable number of peaceful, law abiding and very respectable citizens who were Ahmadis, have been murdered in open day light and no effective steps have been taken to apprehend the culprits so far.

This is a long list of persecutions which can go on and on. The people at the helm of affairs deem themselves as gods on earth and hope to wipe out this Jamaat from the face of this earth with their machinations. In the past also some people thought on these lines. They also brewed mighty storms but they all proved to be storms in a tea cup. The Jamaat emerged stronger than before. It was not the worldly strength of the Jamaat that defeated all those mighty forces; but as the Movement is a divine Jamaat, therefore, every-time God's help and succour came and Jamaat emerged triumphant and victorious. We hope, expect and pray for the same treatment from our beloved God Who will surely come to our aid in due time.

Along with this, there are certain duties and obligations which fall on our shoulders and we must discharge them faithfully so that the help of God may come sooner than ever. Let us name some of them:

1. Each and everyone of us must become a caller towards God. This is the keenest desire of our beloved Imam. If we perform this duty honestly and faithfully, let us assure you that our success is not far away.

2. Our Imam has been launching schemes at certain occasions like European Centres Scheme, Computer Press, Bayootul Hamd, Waqf-i-Jadeed etc. etc. All of us must answer his every call according to our individual capacity.

4. We have got our various magazines issued from the Centre like Review of Religions, Ansarullah, Khalid, Misbah etc. It is the wish of Pakistan Government to crush all of them sooner or later. We can help them by contributing to them and giving them donations.

5. We must try to help our Pakistani Ahmadi brothers in whatever way we can. It depends from individual to individual. No opportunity should be missed when Ahmadi is in need and he is deprived of it.

We all depend on the help of God Almighty. He never abandoned us in the past whenever we called Him. Let us pray to Him, bow dow down before Him and supplicate to him most earnestly that these hard times of our Pakistani brothers may pass away and we may be given strength to spread the divine message and raise the banner of Islam all over the world.

## A N  I N T E R E S T I N G  M E E T I N G

An interesting Question/Answer session was held in the Mission House Toronto on Sunday the 26th January 1986. Brother Mustafa Thabit was to give the answers to the questions of the audience. The topic for discussion was "Why God allows man (in general) and His righteous servants (in particular) to suffer in this world".

The meeting started at 2-30 p.m. after Zuhr and Asr prayers. Hasan Mohammad Khan, Secretary Tabligh, Jamaat Toronto was in the chair. After tilawat the President explained the purpose of the meeting and introduced the subject in brief.

Very lively discussion followed and the interest continued till the end. Brother Mustafa gave very convincing and satisfying replies to all the questions. As the subject was somewhat philosophical, therefore, some detail had to be given in the answers.

Ladies were present as well and asked questions like Halal and Haram (lawful and forbidden foods), why we do not celebrate our birthday, Islam is a flexible religion, so why no flexibility in allowing such functions. All these questions were dealt with very successfully.

As the time scheduled for the meeting was upto 4-0 p.m., therefore, it was wound up at right time. But those who were more interested, remained sitting and discussion kept going for some more time.

---

## REQUEST FOR PRAYERS

1. Brother Nasir Maslam's daughter who was sick for the last some time, has undergone her spine operation which was successful.

2. Brother Jameel Saeed of Bramalea had some heart trouble and was admitted in the hospital. His mother is also sick and had a stroke sometime back.

3. Brother Sheikh Manzoor has some pain in his shoulder and arm.

4. Mr. Mohammad Ishaq Saqi has come from Trinidad for treatment. He has tumour in his brain which will have to be removed with surgery.

Earnest prayers for all these brothers and sisters' complete and speedy recovery are requested.

---

## BIRTH

Mr. Zahid Mahmood Rajpoot of Bramalea has been blessed with a son on 30-12-85. The name proposed for him is Adeel Ahmad Rajpoot. Prayers for long and prosperous life are requested. May God grant that he be an earnest and sincere servant of Islam and Ahmadiyyat. Amen.

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ماہنامہ

# احمدیہ گزٹ

ٹورانٹو کینیڈا

مبلغ انچارج ۔ نسیم مہدی ◆ ایڈیٹر ۔ حسن محمد خان

جلد ۱ رجب ۱۴۰۶ھ ہجری قمری مارچ ۱۹۸۶ء امان ۱۳۶۵ھ ہجری شمسی شمارہ ۹


ارشادات عالیہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

## خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ جماعت احمدیہ کو ساری دنیا کیلئے نیکی کا نمونہ بنادے

"میری جماعت میں سے ہر ایک پر لازم ہو گا کہ ان تمام وصیتوں پر کاربند ہوں اور چاہیے کہ تمہاری مجلسوں میں کوئی ناپاکی اور ٹھٹھے اور ہنسی کا مشغلہ نہ ہو اور نیک دل اور پاک طبع اور پاک خیال ہو کر زمین پر چلو اور یاد رکھو کہ ہر ایک شر مقابلہ کے لائق نہیں اسلئے لازم ہے کہ اکثر اوقات عفو اور درگزر کی عادت ڈالو اور صبر اور حلم سے کام لو اور کسی پر ناجائز طریقہ سے حملہ نہ کرو اور جذباتِ نفس کو دبائے رکھو اگر کوئی بحث کرو یا کوئی مذہبی گفتگو ہو تو نرم الفاظ اور مہذبانہ طریق سے کرو اور اگر کوئی جہالت سے پیش آوے تو سلام کہہ کر ایسی مجلس سے جلد اُٹھ جاؤ اگر تم ستائے جاؤ اور گالیاں دئے جاؤ اور تمہارے حق میں بُرے بُرے لفظ کہے جائیں تو ہشیار رہو کہ سفاہت کا سفاہت کیساتھ تمہارا مقابلہ نہ ہو ورنہ تم بھی ویسے ہی ٹھہرو گے جیسا کہ وہ پس خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ تمہیں ایک ایسی جماعت بنادے کہ تم تمام دنیا کے لئے نیکی اور راستبازی کا نمونہ ٹھہرو۔ سو اپنے درمیان سے ایسے شخص کو جلد نکالو جو بدی اور شرارت اور فتنہ انگیزی اور بدنفسی کا نمونہ ہے ..... سو تم ہشیار ہو جاؤ اور واقعی نیک دل اور غریب مزاج اور راست باز ہو جاؤ اور تم پنجوقتہ نماز اور اخلاقی حالت سے شناخت کئے جاؤ ...... چاہیے کہ تمہارے دل فریب سے پاک اور تمہارے ہاتھ ظلم سے بری اور تمہاری آنکھیں ناپاکی سے منزہ ہوں۔"

(تبلیغ رسالت جلد ہفتم ص ۴۲-۴۵)

### ۲۳ مارچ یوم مسیح موعودؑ

۲۳ مارچ کا دن دنیائے احمدیت میں بہت ہی اہمیت کا حامل ہے آج سے ۹۷ سال قبل حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے پہلی بیعت لیتے ہوئے جماعت احمدیہ کی بنیاد رکھی اسی لئے جماعت احمدیہ تمام اکناف عالم میں ۲۳ مارچ کا دن بڑی عقیدت اور شان سے مناتی ہے۔

# پیارے امام کا پیغام

حضرت اقدس سیدنا امیر المومنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے تازہ مکتوب میں سے اقتباسات پیش خدمت ہیں:

"ٹورنٹو میں زمین ملنے کی بہت خوشی ہوئی۔ الحمدللہ کہ اللہ تعالیٰ نے جماعت کو توفیق عطا فرمائی۔ اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے جماعت کیلئے بابرکت فرمائے (آمین)

"اب آپ (مخاطب مکرم نسیم مہدی صاحب) مسجد بنانے کی تیاری شروع کردیں آپ کو نمونے بھجوائے جارہے ہیں ان کو مدنظر رکھ لیں اور باقاعدہ شاندار مسجد ہونی چاہیئے

"الحمدللہ کہ آپ کے قرضے اترنے والے ہیں اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے کہ جلد از جلد قرضہ جات سے نجات حاصل ہو۔

"ساری جماعت کو میرا محبت بھرا السلام علیکم کہیں اور زمین ملنے پر بہت مبارکباد کہیں نیز مل جل کر ہمہ تن دعوت الی اللہ کرتے رہنے کی تلقین کریں۔

"بہت خوشی ہوئی کہ ۸۴ء کی نسبت ۸۵ء میں بیعتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے لیکن ابھی بھی بہت زیادہ گنجائش ہے۔ ہر احمدی کو داعی الی اللہ بنائیں تب آپ دیکھیں گے کہ کیسے یدخلون فی دین اللہ افواجا کا نظارہ ظاہر ہوگا۔ نو احمدیوں کا جماعت سے تعلق مضبوط کروائیں"

والسلام

(خاکسار مرزا طاہر احمد)

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں حضور انور کی ہدایات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔ (ادارہ)

# درخواست دعا

مکرم و محترم مولانا نسیم مہدی صاحب کے بہنوئی برادرم مکرم مختار احمد صاحب کراچی میں بوجہ پھیپھڑوں میں کینسر بیمار ہیں۔ ان کی صحت کاملہ و عاجلہ کیلئے احباب جماعت سے بہت بہت دعاؤں کی درخواست ہے

(ادارہ)

# ٹورنٹو ٹی وی کمیونٹی چینل پر پروگرام

ٹورنٹو میں ٹی وی پر کمیونٹی چینل (کیبل نمبر ۱۵ اور چینل نمبر ۱۰) پر احباب جماعت درج ذیل پروگرام ضرور دیکھیں:-

۱۔ ۴ر اپریل شام سات بجے انٹرفیتھ کے زیر اہتمام مذاکرہ بعنوان "Prophets & Prophecies"
(۸ر اپریل شام سات بجے یہی پروگرام Repeat ہوگا)

۲۔ ۲۵ر اپریل شام آٹھ بجے۔ حضور انور کا انٹرویو جو لندن میں ریکارڈ ہوا۔

۳۔ ۲۹ر اپریل شام سات بجے۔ ۲۵ر اپریل کا پروگرام Repeat

۴۔ ۱۳ر جون شام آٹھ بجے۔ حضور انور کا ایک اور انٹرویو۔

۵۔ ۱۷ر جون شام سات بجے۔ ۱۳ر جون کا پروگرام Repeat

(ادارہ)

# ٹورنٹو میں جلسہ یوم مسیح موعودؑ

جماعت احمدیہ ٹورنٹو کے زیر انتظام ۲۳ر مارچ ۱۹۸۶ء بروز اتوار جلسہ "یوم مسیح موعود" منعقد ہوا۔ صدارت مکرم و محترم مولانا نسیم مہدی صاحب نے کی۔ مکرم عیسیٰ جان صاحب نے قرآن کریم کی سورۃ التکویر کی ابتدائی آیات کا درس دیتے ہوئے بتایا کہ مسیح موعود کی بعثت کے زمانہ کا ان آیات میں ذکر ہے اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا دعویٰ صداقت و سچائی پر مبنی ہے

مکرم (کرنل) محمد سعید صاحب مربی سلسلہ نے اپنی تقریر میں ۲۳ر مارچ ۸۹ء کے دن کی اہمیت اور "یوم مسیح موعود" ہر سال منانے کی غرض و غایت کو بیان کیا۔ احباب جماعت کو "عہد بیعت" پر قائم رہنے کی تلقین کی۔ جو انہوں نے انشراح صدر اور بشاشت قلب سے آیت قرآنی "اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ (الفتح) کے تحت اللہ تعالیٰ کے ساتھ باندھا ہے۔ دین کو دنیا پر مقدم رکھیں، داعی الی اللہ بن جائیں اور اپنے قول اور فعل کو برابر رکھیں اور خدا تعالیٰ کی ناراضگی کو مول نہ لیں۔ آپ نے یہ بھی بتایا کہ ۱۹۸۶ء کے سال کو دہری اہمیت حاصل ہے جس طرح کہ حضور نے اپنے خطاب (۲۳ر فروری، لندن) میں فرمایا (۱) ۱۹۸۶ء میں مصلح موعود کی پیشگوئی پر بھی سو سال ہو گئے ہیں اور (۲) قمری حساب سے ۱۹۸۶ء میں جماعت احمدیہ کے قیام پر بھی سو سال پورے ہو گئے ہیں، جماعت کو اپنی تمام ذمہ داریوں کو نبھانا چاہیئے۔ دوسری تقریر مکرم حسن خان صاحب عارف نے کی جو انگریزی کے حصہ میں درج ہے۔

# دُعا

## ماخوذ از ارشادات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

- ہمارا ہتھیار دعا ہے۔
- دعا ایک علاج ہے جس سے گناہ کی زہر دُور ہوجاتی ہے۔
- قبولیتِ دعا کے تین ذرائع ہیں:-
  ۱. اتباعِ رسول صلے اللہ علیہ وسلم
  ۲. درود شریف
  ۳. موہبتِ الٰہی۔
- دعا کے لوازم میں سے ایک یہ ہے کہ انسان بے صبر اور جلد باز نہ ہو بلکہ صبر اور استقامت کے ساتھ دعا میں لگا رہے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں کہ جب صبر اور صدق سے دُعا انتہا کو پہنچے تو وہ قبول ہوجاتی ہے۔
- نماز ایک خاص دعا ہے۔ جب کسی امر کے واسطے دعا کی ضرورت ہوتی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا یہی طریق تھا کہ آپؐ وضو کر کے نماز کے لئے کھڑے ہوجاتے اور نماز کے اندر دعا کرتے۔
- ابتدائے اسلام میں جس قدر عظیم فتوحات ہوئیں وہ سب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں کا اثر تھا۔
- باپ کی دعا اپنی اولاد کے لئے منظور ہوتی ہے۔
- طبیب کے واسطے مناسب ہے کہ اپنے بیمار کے لئے دعا کیا کرے۔ بعض وقت اللہ تعالیٰ مناسب حال دوائی بھی بذریعہ الہام یا خواب بتلا دیتا ہے۔
- دعا فتح کا ہتھیار ہے۔ یہ ہتھیار صرف اسلام ہی کو دیا گیا ہے۔ دوسرے مذاہب اس عطیہ سے محروم ہیں۔
- بہترین دعا سورۃ فاتحہ ہے۔
- دعا کے لئے انسان کو اپنا دل ٹٹولنا چاہیئے کہ آیا اس کا میلان دنیا کی طرف ہے یا دین کی طرف۔ یعنی کثرت سے دعائیں دنیاوی آسائش کے لئے ہیں یا دین کی خدمت کے لئے۔ اگر معلوم ہو کہ دنیاوی افکار ہی لاحق ہیں اور دین مقصود نہیں تو اسے اپنی حالت پر رونا چاہیئے۔
- دعا خدا تعالیٰ پر زندہ ایمان بخشتی اور گناہ سے نجات دیتی ہے اور نیکیوں پر استقامت اس کے ذریعہ سے آتی ہے۔
- جو شخص دعا کو نہیں چھوڑتا وہ ایک ایسے قلعے میں محفوظ ہے جس کے اردگرد مسلح سپاہی ہر وقت حفاظت کرتے ہیں۔
- جب تک دشمن کے لئے دعا نہ کی جائے پورے طور پر سینہ صاف نہیں ہوتا۔ دشمن کے لئے دعا کرنا یہ بھی سنتِ نبویؐ ہے۔ حضرت عمرؓ اسی سے مسلمان ہوئے۔
- دعا ربوبیت اور عبودیت کا ایک کامل رشتہ ہے۔
- قبول ہونے والی دعا کے لئے اللہ تعالیٰ دل میں ایک سچا جوش اور اضطراب پیدا کر دیتا ہے۔ اور بسا اوقات ایسی دعائیں الہاماً سکھائی جاتی ہیں۔ فتلقّٰی اٰدم من ربہ کلمات سے یہ بات ظاہر ہے۔
- مخلوق کا حق دبانے والے کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ کیونکہ وہ ظالم ہے۔
- بعض اوقات دعا اس لئے قبول نہیں ہوتی کہ اللہ تعالیٰ کے علم میں اس کے لئے وہ مفید نہیں ہوتی بلکہ وہ کسی اَور رنگ میں قبول ہوتی ہے۔
- صدقہ اور دعا سے بلا ٹل جاتی ہے۔
- جہاں تک قضا و قدر کے سلسلہ کو اللہ تعالیٰ نے رکھا ہے کوئی کیسا ہی مصیبت میں غرق ہو دعا اس کو بچا لے گی۔
- قرآن مجید کی ابتداء و انتہاء دعا ہے۔
- جب دعا کرتے کرتے انسان کا دل پگھل جائے اور آستانۂ الوہیت پر گر کر اس سے فیض اور استعانت طلب کرے تب فلاح کا دروازہ کھل جاتا ہے۔
- انسان کو چاہیئے کہ مشکل پڑنے کے بغیر بھی دعا کرتا رہے۔ کیونکہ وہ بلا کے آنے پر اُس آڑے وقت میں کام آتی ہے۔
- دعا اس وقت تک اثر نہیں کرسکتی جب تک انسان پورا اور کامل پرہیزگار نہ ہو۔

* * * * * * * * * * * * * * *

(بقیہ خطبہ جمعہ)

کاشانوں پر برستی رہیں گی۔ لیکن اگر تم نے اس آواز پر لبیک نہ کہا تو پھر اس دنیا میں تم سے بڑھ کر اَور کوئی مجرم نہیں کہ محمد مصطفےٰؐ کی طرف منسوب ہوتے ہوئے جب آپؐ کے مقدس نام پر حملہ کیا گیا اور خدا تعالیٰ کی وحدانیت کا اقرار کرتے ہوئے جب اس کی وحدانیت پر حملہ کیا گیا تو تم آرام سے بیٹھے رہے اور تم نے اپنے سیاسی مشاغل اور سیاسی مطالب کی خاطر ایک ذرّہ بھی اس بات کی پرواہ نہیں کی۔ پھر یہ آسمان اور زمین تم پر رحمت نہیں بھیجیں گے اور نہ کبھی تمہارا نام عزت کے ساتھ یاد کیا جائیگا۔"

# مکّہ معظّمہ

"لوگوں کے مقامات اور پھر مذہبی مقامات کو دیکھو کہ ذرا سے انقلاب سے ساری عظمت خاک میں مِل جاتی ہے۔ بابل کیسی عظمت وشان کا شہر تھا۔ مگر آج اِس کا کوئی پتہ بھی نہیں دے سکتا کہ وہ کہاں آباد تھا۔ کارنتھیج میں ہنی بال کا معبد براموں کا مندر جہاں سکندر عظیم الشان بادشاہ آکر نذر دیتا تھا اور اپنے آپ کو اُس کا بیٹا منسوب کرتا تھا۔ آتش کدۂ آذر۔ غرض بڑے بڑے مقدس مقامات تھے جن کا نام ونشان آج زمانہ میں موجود نہیں ہے۔ مگر مکہ معظمہ کی نسبت خدائے علیم وحکیم نے اُس وقت جب وہ وادیٔ غیر ذی زرع تھا یہ فرمایا کہ وہاں دنیا کے ہر حصہ سے لوگ آئیں گے۔ وہاں قربانیاں ہونگی اور خدا تعالیٰ کی جبروت کا اظہار ہوتا رہیگا۔ صدیاں اِس پر گذر گئیں۔ دنیا میں بڑے بڑے انقلاب ہوئے۔ سلطنتوں کی سلطنتیں تباہ ہوکر نئی پیدا ہوگئیں۔ مگر مکّہ معظّمہ کی نِسبت جو پیشگوئی کی گئی وہ آج بھی اُسی شان و شوکت اور جلال کے ساتھ نظر آتی ہے جس طرح پر کئی سَو سال پیشتر۔ اِس سے اللہ تعالیٰ کی علیم وخبیر ہستی کا کیسا پتہ لگتا ہے۔ اگر انسانی منصوبہ اور ایک خیالی اور فرضی بات ہوتی تو اس کا نام ونشان اِسی طرح مٹ جاتا جیسے دنیا کے اور بڑے بڑے مُقدّس قرار دئے گئے مقامات کا نشان مِٹ گیا۔ مگر نہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی باتیں تھیں جو ہر زمانہ میں اُس کی ہستی کا زندہ ثبوت ہیں۔

یہ بات اللہ تعالیٰ کے عجائبات میں سے ہے کہ جس کو وہ عزت دینی چاہے وہ معزز ومکرم ہوجاتا ہے اور جس کو ذلیل کرنا چاہے وہ ذلیل ہوجاتا ہے۔ انسانی کوشش اور سعی پر اِس کا انحصار اور مدار نہیں ہے۔ بیت اللہ کی عزت وحُرمت کا ٹھیکہ دار وہ خود ہوگیا ہے۔ اِس لئے کوئی نہیں کہ اِسکی ذلّت کا خواہشمند ہو اور خود ذلیل نہ ہوجائے۔ اسی طرح پر یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ جس کی عزت کا ٹھیکہ لے لے وہ دنیا داروں کی ذِلّت کے اِرادوں سے ذلیل ہوسکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ ........

توجہ کا مقام وہ مقام ہے کہ لاکھوں کروڑوں انسان اللہ کی یاد کے لئے حاضر ہوتے ہیں۔ اللہ کی تحمید کے لئے مال وجان کو خطرات میں ڈالتے ہیں۔ اہل وعیال اور رفقاء لوگوں کو چھوڑتے ہیں پھر خدا کا فیضان کیسا جلوہ گری فرماتا ہے"

(اِقتباس از خُطبہ عید الفطر فرمودہ سیدنا حضرت مولانا نُورالدین خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ تعالیٰ عنہ مورخہ ۲۲ جنوری ۱۹۰۱ء)

# ایک دِلچسپ مجلس

مورخہ ۲۶ جنوری بروز اتوار جماعت احمدیہ ٹورنٹو کے زیرِ اہتمام مشن ہاؤس میں سوال وجواب کی ایک مجلس منعقد کی گئی جس میں مکرم جناب مُصطفےٰ ثابت صاحب نے حاضرین کے سوالات کے جواب دئے۔ مجلس کا آغاز اڑھائی بجے بعد نماز ظہر وعصر زیرِ صدارت حسن محمد خاں سکرٹری تبلیغ جماعت ٹورنٹو شروع ہوا۔ تلاوت کے بعد صدر نے مجلس کی غرض وغایت بیان کی اور اُس موضوع کے بارہ میں مختصراً بیان کیا جس کے بارہ میں سوال کئے جانے تھے۔ موضوع یہ تھا "اِس دنیا میں انسان مشکلات۔ مصائب اور تکلیفوں میں کیوں مبتلا ہے اور خصوصیت سے اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں کو شدید تکالیف اور مصائب کا سامنا کیوں کرنا پڑتا ہے"۔

مجلس میں آخر تک دلچسپی قائم رہی۔ احباب نے خوب سوالات کئے جن کے مُصطفےٰ ثابت صاحب نے نہایت تسلی بخش جواب دئے۔ چونکہ موضوع فلسفیانہ نوعیت کا تھا اِس لئے اِس کی وضاحت کے لئے مصطفےٰ صاحب کو تفصیل سے بتانا پڑتا تھا۔ مگر باوجود طوالت کے احباب کی دلچسپی قائم رہی۔

مستورات بھی شامِل تھیں۔ اُن کی طرف سے متعدد سوالات موصول ہوئے مثلاً "حرام اور حلال کی وجہ اور اِس کی تشریح۔ برتھ ڈے کیوں نہ منائی جائے۔ اسلام دینِ فطرت ہے اور اِس میں لچک ہے لیکن ایسے امور میں لچک کی گنجائش کیوں نہیں"۔ اِن سب کے بھی جوابات دئے گئے۔

چونکہ مجلس کا وقتِ مقررہ چار بجے شام تک تھا اِس کے پیشِ نظر جو احباب جانا چاہتے تھے اُنہیں جانے کی اجازت دے دی گئی اور جو ٹھہر سکتے تھے اُنہیں ٹھہرنے کا موقعہ دیا گیا اور مجلس دیر تک جاری رہی۔ الحمدُ للہ۔

## اِعلان پیدائش

اللہ تعالیٰ نے عزیزم زاہد محمود راجپوت کو بروز پیر مورخہ ۳۰ دسمبر ۸۵ء کو ایک خوبصورت بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود کا نام اُس کے تایاجان مکرم شاہد محمود راجپوت نے عدیل احمد راجپوت رکھا ہے۔

احباب دعا فرماویں اللہ تعالیٰ بچے کو نیک اور خادم دین بنائے آمین۔

محمود احمد راجپوت

## کلامُ الامام
## امامُ الکلام

مَیں وہ پانی ہوں کہ آیا آسماں سے وقت پر
مَیں وہ ہوں نورِ خدا جس سے ہوا دن آشکار
اب اسی گلشن میں لوگو راحت و آرام ہے
وقت ہے جلد آؤ اے آوارگانِ دشتِ خار

## حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پاکیزہ اشعار

سر سے میرے پاؤں تک وہ یار مجھ میں ہے نہاں
اے مِرے بدخواہ کرنا ہوش کر کے مجھ پہ وار
جو خدا کا ہے اُسے للکارنا اچھا نہیں
ہاتھ شیروں پر نہ ڈال اے روبۂ زار و نزار

## تقرّری

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مکرّم محمد سعید صاحب (مربّی سلسلہ) کو مرکزی احمدیہ مشن کینیڈا کا سیکرٹری مقرر فرمایا ہے۔ موصوف نے کیلگری سے ٹورنٹو آکر ۳ مارچ ۱۹۸۶ء سے کام شروع کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ تقرّری موصوف کیلئے بھی اور جماعت کینیڈا کیلئے بھی بابرکت فرمائے۔ (آمین)

## آٹوا میں احتجاجی مظاہرہ

آٹوا شہر میں تین مارچ ۱۹۸۶ء کو جماعتہائے احمدیہ ٹورنٹو، مانٹریال اور آٹوا کے تین صد افراد نے ساہیوال مقدمہ میں ماخوذ احمدیوں کی سزائے موت و عمر قید کے فیصلہ کے خلاف پُرامن مظاہرہ کیا۔ خواتین اور بچے بھی شامل تھے، یہ مظاہرہ پاکستانی سفارت خانہ (اوٹاوہ) اور پارلیمنٹ بلڈنگ کے سامنے ہوا۔ اسکی تفصیلی رپورٹ آئندہ شمارہ میں ہدیۂ قارئین کی جائے گی (انشاء اللہ)

# تعصب کی صحافت

وطنِ عزیز میں محبت، مروّت، رواداری اور انسانیت دوستی کے سب سے بڑے علمبردار دین (اسلام) کے پیش کردہ نظام کے نفاذ کے مؤید اخبار "نوائے وقت" کی ایک خبر یہ جو اس کے ۵ رمارچ ۸۶ء کے شمارہ میں صفحہ ۸ کے چوتھے کالم میں شائع ہوئی۔

> **قادیانی کی نعش کو مسجد سے نکال کر اس کے آبائی گھر میں دفن کر دیا گیا**
>
> ڈیرہ غازی خان ۴ مارچ (ادریس ملتانی سے) مسلمانوں کے شدید احتجاج پر قصبہ شیر گڑھ میں قادیانی سردار محمد مند قیصرانی کی نعش کو شیر گڑھ کی مسجد سے نکال کر اس کے گھر میں ۔۔ دیا گیا ہے۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ نے خطرے کے پیش نظر سخت حفاظتی اقدامات کئے ہوئے تھے۔ ڈیرہ غازی خان، ملتان، بہاولپور پولیس کے علاوہ بلوچ لیوی کے دستے کی نگرانی میں محمد مند کی نعش کو نکالا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایک ماہ قبل شیر گڑھ کی مسجد کے احاطہ میں محمد مند قادیانی کو دفن کیا گیا تھا۔ جس پر مجلس تحفظ ختم نبوت ڈیرہ غازی خان کے قائدین نے تحریک چلائی کہ قادیانی سردار کو شیر گڑھ کی مسجد سے نکالا جائے۔ چنانچہ مختلف علاقوں تونسہ اور ڈیرہ غازی خان میں ہڑتالوں اور جلوسوں کے بعد مسلمانوں کا مطالبہ پورا کرتے ہوئے انتظامیہ نے محمد مند کی نعش کو اس کے رشتہ داروں کی موجودگی میں قبر سے نکالا اس موقع پر تونسہ کے متعدد علماء موجود تھے۔ میت ایک صندوق میں بند تھی۔ جس کو قبر سے نکال کر اس کے آبائی گھر میں دفن کیا گیا۔ شیر گڑھ کے چاروں طرف بارڈر ملٹری پولیس متعین تھی۔ تونسہ کے قبائلی علاقوں کی سرحد پر بھی بلوچ لیوی نے مورچے سنبھالے ہوئے تھے۔

اس خبر کا تعلق ضلع ڈیرہ غازی خاں کے ایک احمدی بلوچ سردار "امیر محمد خاں" قیصرانی کی تدفین سے ہے۔ پچھلے دنوں ضلعی انتظامیہ نے علاقہ کے ملاؤں کے شورہ پشتی اور مار دھاڑ کے مظاہروں سے مرعوب و خوفزدہ ہو کر جن کی میت کو اُن کی اپنی تعمیر کرائی ہوئی مسجد یا عبادتگاہ کے صحن کی قبر سے بزورِ اختیارات نکلوا کر کسی دوسری جگہ دفن کروا دیا ہے۔

فی سبیل اللہ فساد کے عادی مُلاؤں۔ ان کے مار دھاڑ کے مظاہروں کی غیر معمولی تشہیر کرنے والے اس اخبار اور شوریدہ پشت ملاؤں کے ناجائز و ناروا مطالبہ کے سامنے غیر مشروط طور پر ہتھیار ڈال دینے ہی کو خدمتِ اسلام سمجھنے والی انتظامیہ کے نزدیک اپنے ۱۹۳۱ء کا شاید کوئی معقول و غیر معقول شرعی و غیر شرعی یا قانونی و غیر قانونی جواز بھی ہو۔ تاریخ اسلام کے اوراق ہمیں یہی بتاتے ہیں کہ ابتدائے اسلام میں "باغیانِ ملتِ اسلامیہ" کی طرف سے سب سے پہلے جس میت کی بے حرمتی کی گئی۔

وہ میت اسلام کے خلیفۂ راشد، دامادِ رسولِ اکرمؐ ذوالنورین حضرت عثمانؓ کی تھی۔ جسے قبرستان کو لے جاتے وقت دو دفعہ چارپائی سے نیچے پھینک دیا گیا۔ اس پر پتھر برسائے گئے۔ پھر اسے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہ کرنے دیا گیا حتیٰ کہ اسے یہودیوں کے قبرستان میں دفن کرنا پڑا اس پر مستزاد یہ کہ اسلام کے اس خلیفۂ ثالث کے دونوں محافظوں کی قبریں پھاڑ کر ان کی میتوں کو کھلے میدان میں پھینک دیا گیا۔ جو کتوں۔ گدھوں اور درندوں کی خوراک بن گئیں۔

یہ کربناک خبر پڑھ کر ہمیں زیادہ دُکھ اس بات کا ہوا کہ اخبار کے مخابراتی عملہ نے احمدیت سے بغض و تعصب کے جوش میں وجہ تخلیق کائنات سیّدِ ولدِ آدم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس و مطہر نام کی تحقیر و بے حرمتی میں بھی کوئی مضائقہ نہیں سمجھا۔

مرنے والے کا نام دو لفظوں پر مشتمل تھا اور اس کا جزوِ اعظم تھا نام محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم ۔۔۔ اخبار مذکور نے جماعت سے اپنی نفرت کے اظہار اور مرحوم و مغفور کے اعزہ و اقارب کو مزید اذیت پہنچانے کی غرض سے ان کا نام (اپنی خبر میں) "امیر محمد" کی بجائے "محمد مند" لکھا اور ایک آدھ دفعہ سہواً نہیں۔ دیدہ و دانستہ آخر تک بار بار "محمد" کو "مند" ہی لکھا۔ یہ خبر ۵ ر اور ۶ ر مارچ کو پاکستان کے قریباً سارے ہی اردو اور انگریزی اخبارات میں شائع ہوئی۔ مگر اختلافِ عقائد کے باوجود کسی نے یہ جسارت نہیں کی اور کسی کی دینی غیرت نے یہ گوارا نہیں کیا کہ اپنے تعصب کے اظہار کے لئے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس و مطہر نام کی تقدیس و تعظیم ہی پر پانی پھیر دی جائے۔

اپنے پیشواؤں۔ روحانی محبوبوں، اور دینی بزرگوں سے محبت اور اس کے اظہار کا بھی ہر شخص کا رنگ اور انداز اپنا ہی ہوتا ہے۔ ایک شخص وہ تھا جسے اس مقدس نام سے اس قدر والہانہ اُنس اور محبت تھی کہ وہ تمام عمر اسے حرزِ جاں بنائے رہا اور اس سے منسوب ہونے پر فخر اور عزت محسوس کرتا رہا۔ اب وہ اپنے رب کے حضور پہنچ چکے ہیں۔ اس علیم و خبیر خالق دو جہاں کے دربار میں جس سے بہتر کوئی نہیں جانتا اور نہ جان سکتا کہ اس کا اس نام سے پیار اور انتساب حقیقی تھا۔ یا جعلی اور نمائشی ـــــ اور دوسرے وہ جن کی محبت نے جوشِ بغض و تعصب میں اس کے نام کے جزوِ اعظم محمدؐ کو بگاڑ کر "مند" بنا دیا۔ اس لئے کہ انہیں (اپنے سے قدرے اختلافِ عقیدہ رکھنے والے اس شخص کے نام کے ساتھ یہ مقدس لاحقہ گوارا نہ تھا۔ سچ ہے "فکرِ ہر کس بقدرِ ہمتِ اوست"۔ ہمارا خدا تمام اہلِ وطن کو اس اندھے تعصب سے بچائے۔ جو دلوں۔ کانوں اور آنکھوں پر مُہریں لگا دیتا اور عقلوں پر پردے ڈال دیتا ہے (آمین)

(بشکریہ ہفت روزہ لاہور)

"وہ اعلیٰ درجہ کا نور جو انسان کو دیا گیا یعنی انسانِ کامل کو۔ وہ ملائک میں نہیں تھا۔ نجوم میں نہیں تھا۔ قمر میں نہیں تھا آفتاب میں نہیں تھا وہ زمین کے سمندروں اور دریاؤں میں بھی نہیں تھا۔ وہ لعل و یاقوت اور زمرد اور الماس اور موتی میں بھی نہیں تھا۔ غرض وہ کسی چیز ارضی و سماوی میں نہیں تھا۔ صرف انسان میں تھا یعنی انسانِ کامل میں جس کا اتم اور اکمل اور ارفع فرد ہمارے سید و مولیٰ سید الانبیاء، سید الاحیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ سو وہ نور اس انسان کو دیا گیا ...... اور یہ شان اعلیٰ اور اکمل اور اتم طور پر ہمارے سید ہمارے مولیٰ ہمارے ہادی نبی امی صادق مصدوق محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں پائی جاتی تھی"
(آئینہ کمالاتِ اسلام صفحہ ۱۶۱-۱۶۰)

پھر فرمایا:-

"اے تمام لوگو جو زمین پر رہتے ہو اور اے تمام وہ انسانی روحو! جو مشرق اور مغرب میں آباد ہو۔ میں پورے زور کے ساتھ آپ کو اس طرف دعوت کرتا ہوں کہ اب زمین پر سچا مذہب صرف اسلام ہے اور سچا خدا بھی وہی خدا ہے جو قرآن کریم نے بیان کیا ہے اور ہمیشہ کی روحانی زندگی والا نبی اور جلال اور تقدس کے تخت پر بیٹھنے والا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے"
(تریاق القلوب صفحہ ۱۱)

براہین احمدیہ صفحہ ۵۳۵ پر حضور فرماتے ہیں:-

"اب آسمان کے نیچے فقط ایک ہی نبی اور ایک ہی کتاب ہے یعنی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جو اعلیٰ اور افضل سب نبیوں سے اور اتم و اکمل سب رسولوں سے اور خاتم الانبیاء اور خیر الناس ہیں۔ جن کی پیروی سے خدا تعالیٰ ملتا ہے اور ظلماتی پردے اٹھتے ہیں" براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۷۶ پر ہی فرماتے ہیں:-

"ایک رات اس عاجز نے اس کثرت سے درود پڑھا۔ کہ دل و جان اس سے معطر ہو گئے۔ اسی رات خواب میں دیکھا کہ فرشتے آبِ زلال کی شکل میں نور کی مشکیں اس عاجز کے مکان میں لئے آتے ہیں۔ اور ایک نے ان میں سے کہا کہ یہ وہی برکات ہیں جو تو نے محمدؐ کی طرف بھیجی تھیں۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

برکات الدعا کے صفحہ ۱۰ پر آپ فرماتے ہیں:-

"وہ جو عرب کے بیابانی ملک میں عجیب ماجرا گزرا کہ لاکھوں مردے تھوڑے دنوں میں زندہ ہو گئے۔ اور پشتوں کے بگڑے ہوئے الٰہی رنگ پکڑ گئے اور آنکھوں کے اندھے بینا ہوئے اور گونگوں کی زبان پر الٰہی معارف جاری ہوئے اور یک دفعہ دنیا میں ایک ایسا انقلاب پیدا ہوا کہ نہ پہلے اس سے کسی آنکھ نے دیکھا۔ اور نہ کسی کان نے سنا۔ جانتے ہو وہ کیا تھا؟

وہ ایک فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعائیں ہی تھیں جنہوں نے دنیا میں شور مچا دیا۔ اور وہ عجائب باتیں دکھلائیں کہ جو اس امی بے کس سے محالات کی طرح نظر آتی تھیں"

اللھم صل علیٰ محمد و علیٰ آلِ محمد و بارک و سلم۔ انک حمیدٌ مجید ؏